"اسلام ومومن" "روحانیت ومادیت" "دین وسیاست" "ملوکیت واشتراکیت" "قومیت وبین الاقوامیت" "شعر وحکمت" وغیرہ کے ماتحت کلام اقبال کے مختلف مجموعوں سے اشعار پیش کرکے ہر عنوان سے متعلق اقبال مرحوم کے خیالات وافکار کی ترجمانی اور تشریح کی ہے. اس سلسلہ میں لائق مصنف نے جا بجا قرآن مجید کی آیات سے بھی استشہاد کیا ہے. زبان شگفتہ اور ادیبانہ ہے اور یہ امر موجب مسرت ہے کہ جوانمرگ مصنف نے سوشلزم ایسے نازک مسئلہ پر اقبال کی ترجمانی کرتے ہوئے نقطۂ اعتدال کو ملحوظ رکھا ہے اور ہمارے خیال میں فکر اقبال کی صحیح عکاسی کی ہے۔ قومیت اور بین الاقوامیت کی بحث میں انھوں نے جو تنقید کی ہے بنیادی طور پر ہم اس سے متفق ہیں. تاہم قومیت کی افادی حیثیت کی تشریح میں مصنف نے جو کچھ لکھا ہے اس میں ان کا قلم کئی جگہ جادۂ اعتدال سے منحرف ہو گیا ہے. کتاب دلچسپ اور پڑھنے کے لائق ہے. لیکن کتابت وطباعت کی اغلاط بہت زیادہ ہیں جن سے بعض جگہ عبارت غیر مربوط اور اشعار ناموزوں ہو گئے ہیں. شروع میں شاغل کی پُر از حسرت ویاس زندگی سے متعلق جو مقدمہ ہے وہ بجائے خود پڑھنے کے لائق ہے۔

اسلام کا نظامِ سیاست وعدالت | از مولانا یعقوب الرحمٰن صاحب عثمانی تقطیع متوسط ضخامت ۲۵۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد ۱۲؍ پتہ:۔ نفیس اکیڈمی عابد روڈ حیدر آباد دکن.

آج جبکہ انسان کے اپنے بنائے ہوئے مختلف نظامات عدل وسیاست کی ناکامی روز روشن کی طرح واضح اور مشاہد ہو چکی ہے اور دنیا ایک ایسے نظام کی تشنگی شدت سے محسوس کر رہی ہے جو انسانیت کے لئے حقیقی فوز وفلاح اور امن وعافیت کی کفیل ہو. سخت ضرورت ہے کہ اسلام کے نظامِ عدل وسیاست کو وقت کے جدید قالب میں منظرِ عام پر لایا جائے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں اب تک متعدد اداروں کی طرف سے بعض مستحسن کوششیں معرضِ ظہور میں آ بھی چکی ہیں۔ یہ کتاب بھی اس سلسلہ کی ایک کڑی ہے کتاب دو ابواب پر تقسیم ہے۔ پہلے باب میں اسلامی سیاست کی اصل روح۔ اس کے مختلف گوشے اور پہلو۔ دوسرے نظامہائے سیاسی سے اس کا مقابلہ وموازنہ۔ ان چیزوں پر مستند مآخذ کے حوالہ سے روشنی ڈالی گئی ہے اور تاریخی واقعات سے ان کا ثبوت بہم پہنچایا گیا ہے. دوسرا باب